بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
فون نمبر ۴۹
رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴
اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا
روزنامہ الفضل ربوہ
ایڈیٹر روشن دین تنویر
یوم جمعہ
The Daily
ALFAZL
RABWAH
قیمت فی پرچہ ۶ پیسے
| جلد ۵۸ / ۲۳ | ۴ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ ۲۰ احسان ۱۳۴۸ ہش ۲۰ جون ۱۹۶۹ء | نمبر ۱۴۱ |
|---|---|---|

## اخبارِ احمدیہ

○ ربوہ ۱۹ احسان۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ لُو اور گرمی کا اثر ابھی چل رہا ہے۔ جس کی وجہ سے سر کا حال بھاری ہے۔ ویسے عام طبیعت پہلے کی نسبت بہتر ہے۔ احباب توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور ایدہ اللہ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین اللّٰھم آمین

○ ربوہ ۱۹ احسان۔ جیسا کہ احباب جماعت کو علم ہے حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت گزشتہ کئی روز سے ناساز چلی آ رہی ہے۔ احباب حضرت سیدہ مدظلہا کی صحت کاملہ و عاجلہ اور درازیٔ عمر کے لئے خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

○ انصار اللہ کی ایسی مجالس جن کے اراکین کا گزارہ زمینداره پر ہے۔ اور وہ اپنا سال بھر کا چندہ انصار اللہ فصل ربیع کے موقعہ پر ادا کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اب ان کے لئے اس کارِ خیر میں حصہ لینے کا وقت آگیا ہے۔ پس ایسی تمام مجالس کے عہدہ داران کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ پوری توجہ اور کوشش سے وصولی کریں۔ اور جو رقوم وصول ہوں وہ مرکز میں بھجواتے رہیں۔ بروقت وصول کرنے میں انہیں خود بھی سہولت رہے گی۔ (قائد مال انصار اللہ مرکزیہ)

○ لیفٹیننٹ ظفر علی منصور صاحب ابن مکرم ڈاکٹر عنایت علی صاحب سکنہ اوکاڑہ کا نکاح عزیزہ راشدہ عبداللہ سلمہا بنت مکرم محمد عبداللہ خان صاحب انسپکٹر پولیس ڈل پورے کے ساتھ بعوض مبلغ پانچ ہزار روپے حق مہر ۲۱ مئی ۱۹۶۹ء کو ماڈل ٹاؤن لاہور میں مکرم عطاء الرحمٰن صاحب چغتائی نے پڑھا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے دینی و دنیوی لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

### جلسہ تقسیم اسناد و انعامات

تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد و انعامات (کنووکیشن) ۲۹ جون ۱۹۶۹ء بروز اتوار صبح ½ ۷ بجے کالج ہال میں منعقد ہوگا انشاء اللہ۔

۱۹۶۸ء میں بی اے/بی ایس سی کی ڈگری لینے والے کالج کے طلباء ۲۸ جون ۱۹۶۹ء شام ۵ بجے سے قبل ربوہ پہنچ جائیں تاکہ وہ ریہرسل میں شامل ہو سکیں۔ گاؤن اور ہُڈز کرایہ پر کالج سے مل سکیں گے۔

(پرنسپل تعلیم الاسلام کالج ربوہ)

ارشاداتِ عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

# ہر ایک سے ہمدردی اور اعلیٰ اخلاق کا نمونہ دکھلاؤ

## یہ اخلاق کے خلاف ہے کہ کسی بھائی کی تکلیف میں اس کا ساتھ نہ دیا جائے

بنی نوع انسان کی ہمدردی کی نصیحت کرتے ہوئے ایک موقعہ پر فرمایا:۔

"میری تو یہ حالت ہے کہ اگر کسی کو درد ہوتا ہو اور میں نماز میں مصروف ہوں میرے کان میں اس کی آواز پہنچ جائے تو میں چاہتا ہوں کہ نماز توڑ کر بھی اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہوں تو فائدہ پہنچاؤں اور جہاں تک ممکن ہے اس سے ہمدردی کروں۔ یہ اخلاق کے خلاف ہے کہ کسی بھائی کی مصیبت اور تکلیف میں اس کا ساتھ نہ دیا جائے۔ اگر تم کچھ بھی اس کے لئے نہیں کر سکتے۔ تو کم از کم دعا ہی کرو۔" (ملفوظات جلد اوّل ۳۰۵)

فضلِ عمر فاؤنڈیشن کے وعدہ جات کی وصولی

# یکم جولائی تک کی وصولی کی رپورٹ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کی خدمت میں ۶ جولائی کو پیش کی جائیگی

## امراء کرام و سیکرٹریان فاؤنڈیشن یکم جولائی تک وصول ہونیوالی رقوم کی مفصل رپورٹ فوری طور پر بھجوانے کا انتظام کریں

یکم جولائی تک کی وصولی کی رپورٹ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں انشاء اللہ ۶ جولائی کو بروز اتوار دفتر فضلِ عمر فاؤنڈیشن کی طرف سے پیش کی جائے گی۔ جملہ امراء کرام و سیکرٹریان فاؤنڈیشن کی خدمت میں درخواست ہے کہ یکم جولائی تک جس قدر وصولی ہو جائے اس کی مکمل اور مفصل رپورٹ فوری طور پر دفتر فضلِ عمر فاؤنڈیشن میں بھجوا دیں۔ خدا تعالیٰ نے چاہا تو ارادہ ہے کہ ایک خصوصی تقریب میں علاوہ مجموعی رپورٹ کے وعدہ جات کی سو فیصدی ادائیگی کرنے والے احباب کے لئے حضور کی خدمت میں دعا کی درخواست کی جائے اور جملہ حاضرین اس دعا میں شامل ہو کر شناخت و محبت کے ساتھ حضرت فضلِ عمر رضی اللہ عنہ کی یاد میں قائم ہونے والے فنڈ میں سو فیصدی وعدہ پورا کرنے والے احباب خواتین اور عزیزوں کے لئے خاص دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ اسلام و احمدیت کے استحکام اور اشاعت کے لئے ان کی مخلصانہ عاجزانہ اور محبت سے لبریز خدمت کو شرفِ قبولیت بخشے۔ اور اپنے خاص کرم اور احسان سے ان کے اموال میں اور کاروبار میں بہت عظیم برکت دے۔ اور ان سب کا انجام بخیر فرماوے۔ اور ہمیشہ حضرت خلیفۂ وقت ایدہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہنے کی عملی سعادت عطا فرماتا رہے۔ اور جو بھائی وعدہ پورا کرنے کی سعادت سے محروم رہ گئے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان سے چشم پوشی فرمائے۔ اور ان کی روکوں اور معذوریوں کو رفع فرمائے آمین۔ اور ان تمام کارکنوں کو جنہوں نے فضلِ عمر فاؤنڈیشن کے وعدہ جات کے حصول اور وصولی کے لئے کوشش فرمائی ہے۔ خدا تعالیٰ انہیں ثوابِ دارین عطا فرمادے اور سلسلہ کی خدمت کی انہیں مزید توفیق بخشے آمین۔ (سیکرٹری فضلِ عمر فاؤنڈیشن)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۰ احسان ۱۳۴۸ ہش

# حضرت مسیح کی آمد ثانی

اس میں جو نشانات مسیح کی آخری زمانے میں آمد کے بتائے گئے ہیں وہ نشانات موجودہ زمانے میں ظہور پذیر ہو چکے ہیں۔ یہ نشانات علاوہ دیگر نشانات کے حسب ذیل عنوانات کے تحت آتے ہیں۔

(۱) اس زمانہ میں دنیا میں سخت بدامنی ہوگی اقوام اقوام پر چڑھائی کریں گی۔ وغیرہ وغیرہ

(۲) اس زمانہ میں بہت سے لوگ مسیح اور نبی ہونے کے دعویدار پیدا ہونگے۔ جو جھوٹے ہوں گے۔

(۳) سچے مسیح موعود کے نشانات حسب ذیل ہوں گے۔

(الف) وہ پورب یعنی مشرق سے ظہور کرے گا اور مغرب تک دین پھیلائیگا

(ب) وہ مسیح ناصری علیہ السلام کی وفات ثابت کرے گا۔ "جہاں مردار ہے وہاں گدھ جمع ہو جائیں گے" موجودہ عیسائیت کے فروغ کی طرف صریح اشارہ ہے۔

(ج) سورج اور چاند کو گہن لگے گا۔

"سورج تاریک ہو جائے گا اور چاند اپنی روشنی نہ دے گا۔"

(د) ٹوٹنے والے ستاروں کا نشان ظاہر ہوگا۔ مسیح موعود علیہ السلام کا یہ سب سے بڑا نشان ہوگا۔

(ہ) "آسمان کی قوتیں ہلائی جائیں گی" یعنی روح و ملائک کا نزول ہوگا اور الہامات، کشوف اور رؤیا کے ذریعہ اللہ تعالے کے وجود پر برہان قائم کی جائے گی۔

"نرسنگے کی بڑی آواز کے ساتھ اپنے فرشتوں کو بھیجے گا۔"

(ز) وہ ساری دنیا میں تبلیغی مشن قائم کرے گا۔

"اور وہ اس کے برگزیدوں کو چاروں طرف سے آسمان کے اس کنارے سے اس کنارے تک جمع کریں گے۔"

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچا دوں گا۔"

(الہام مسیح موعود علیہ السلام)

پھر مسیح موعود علیہ السلام نے الوصیت میں فرمایا ہے (اپنے الفاظ میں) خدا چاہتا ہے کہ دنیا کی تمام سعید روحوں کو جمع کرے۔

متی کے حوالہ مندرجہ بالا میں جو یہ آیا ہے کہ

"بہتیرے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے۔ میں مسیح ہوں اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کریں گے۔ ...... پھر اس وقت اگر کوئی تم سے کہے کہ دیکھو مسیح یہاں ہے یا وہاں ہے تو یقین نہ کرنا۔ کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اٹھ کھڑے ہوں گے۔ اور ایسے بڑے نشان اور عجیب کام دکھائیں گے کہ اگر ممکن ہو تو برگزیدوں کو بھی گمراہ کر لیں۔"

(متی ۲۴ / ۲۳، ۲۸)

جیسا کہ ہم اوپر وضاحت کر چکے ہیں۔ جھوٹے دعوے کرنے والوں کا ذکر ہے۔ چنانچہ یورپ اور امریکہ میں بیسیوں ایسے جھوٹے دعوے دار پیدا ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ جیسا کہ مسٹر پگٹ انگلستان میں اور مسٹر ڈوئی امریکہ میں اور بھی بہت سے ایسے جھوٹے مسیح اور نبی ہونے کے مدعی

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## نیکی وہ ہے جس پر دل مطمئن ہو

(۱) عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَقَالَ: اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ، اَلْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ وَاطْمَأَنَّ إِلَيْهِ الْقَلْبُ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ وَأَفْتَوْكَ

(مسند احمد)

ترجمہ: حضرت وابصہ بن معبدؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم نیکی کے متعلق پوچھنے آئے ہو۔ میں نے عرض کیا۔ ہاں رسول اللہ! آپؐ نے فرمایا۔ اپنے دل سے پوچھ۔ نیکی وہ ہے جس پر تیرا دل اور تیرا جی مطمئن ہو۔ اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تیرے سینے میں اضطراب کا موجب بنے۔ اگرچہ لوگ تجھے اس کے جواز کا فتوے دیں اور اسے درست کہیں۔

## سب سے بری عادت حد سے بڑھا ہوا بخل ہے

۲- عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَا فِي رَجُلٍ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ

(مسند احمد)

ترجمہ۔ حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کی بری عادتوں میں سے سب سے بری عادت حد سے بڑھا ہوا بخل اور رسوا کر دینے والی بزدلی ہے۔

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ
اخبار الفضل
خود خرید کر پڑھے

رہے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ لیکن سچے مسیح کی پہچان کے لئے وہ نشانات ہیں جو متی باب ۲۴ آیات ۲۹/۳۱ میں بیان کئے گئے ہیں۔

ان آیات میں اس بات کو بھی واضح کیا گیا ہے کہ جو لوگ بنفسہٖ یہی مسیح ہونے کا دعوے کریں گے۔ جو آج سے دو ہزار سال پہلے بنی اسرائیل میں ظہور پذیر ہوا تھا وہ جھوٹے ہوں گے۔ چنانچہ آیات ۲۳/۲۸ اس بات پر دلالت کرتی ہیں۔ کہ سچا مسیح تو اس طرح آئے گا۔ جس طرح مشرق سے بجلی مغرب کو پہنچتی ہے۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ وہ مشرق سے ظہور کرے گا۔ اور بجلی کی تیزی کے ساتھ مغرب میں مشن قائم کر دے گا۔

# سیرالیون (مغربی افریقہ) میں تبلیغ اسلام

## ۹۸ سعید روحوں کا قبولِ حق ۔ نئی مسجد کی بنیاد ۔ خطباتِ جمعہ و عیدین

### رپورٹ از جنوری ۱۹۶۹ء تا اپریل ۱۹۶۹ء

(محترم مولوی محمد صدیق صاحب شاہد انچارج احمدیہ مسلم مشن سیرالیون)

(۳)

### سیرالیون میں باقی مبلّغینِ اسلام کی کارکردگی کی مختصر روداد

تبلیغی نظام کو مضبوط اور فعال بنانے کے لئے سیرالیون کی علاقائی تقسیم کے مطابق مرکزی پاکستانی مبلّغین کو متعین کیا گیا۔ چنانچہ سیرالیون کے مشرقی صوبہ میں مولوی ناصر احمد صاحب کام کر رہے ہیں ان کا ہیڈ کوارٹر بو اجے بو ہے جنوبی صوبہ میں مولوی نصیر احمد خان صاحب مقرر ہیں۔ شمالی صوبہ میں مولوی نظام الدین صاحب اور مولوی اقبال احمد صاحب کام کر رہے ہیں۔ خاکسار جنرل نگرانی کے ساتھ ساتھ ویسٹرن ایریا میں تبلیغی و تعلیمی سرگرمیوں کا بھی ذمہ دار ہے۔

### حلقہ بو اجے بو (مشرقی صوبہ)

حلقہ انچارج مولوی ناصر احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ خاکسار نے عرصہ زیرِ رپورٹ میں کُل تین دَورے کئے۔ ۳۵ بڑی بڑی جماعتوں کو ۷۰ دفعہ visit کیا اور ایسے دیہات میں بھی تبلیغ کے لئے گیا جہاں پر ابھی تک کوئی احمدی نہیں ہے۔ دیہاتی جماعتوں میں قیام کے دوران راتوں کو تبلیغی اجلاس منعقد کروائے گئے جن میں کثیر تعداد میں لوگ شامل ہوئے۔ اس طرح آمد و رفت کا کُل سفر ۱۸۶۸ میل طے کر کے تبلیغ کا فریضہ ادا کیا گیا۔

### خطباتِ جمعہ و عیدین

خطباتِ جمعہ میں تبلیغی، تعلیمی اور تربیتی امور کو مدنظر رکھا گیا۔ عورتوں اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف جماعتوں کو خاص طور پر توجہ دلائی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کا ترجمہ سُنایا جاتا رہا۔ عید الاضحی کی تقریب پر بو اجے بو کے علاوہ قریب کی جماعتیں بھی شامل ہوئیں۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر خاکسار نے "فضائل قرآن کریم" کے موضوع پر تقریر کی۔

### درسِ حدیث و کتبِ سلسلہ

بڑھتی ہوئی جماعتوں کی تربیت کے پیشِ نظر ہر بڑی جماعت میں انتظامیہ کمیٹی مقرر کی گئی۔ اس کے سپرد بچوں کی تعلیم و تربیت کے علاوہ درس حدیث و کتب سلسلہ کی نگرانی کا کام کیا گیا۔ پڑھے لکھے مخلص احمدیوں۔ لوکل معلّمین اور اماموں کے سپرد درس حدیث و کتب سلسلہ کا کام کیا گیا۔ اطفال الاحمدیہ کی نگرانی پر مربی مقرر کئے گئے۔

### تعلیمی ادارہ جات

تعلیمی ادارہ جات کی ترقی کے لئے کوشش جاری رکھی۔ پرائمری اور سیکنڈری سکولز کی موجودہ عمارات میں توسیع کروائی گئی۔ تعمیرات کا کام ابھی تک نامکمل ہے۔ بو اجے بو سکول کے نئے سائنس بلاک کا افتتاح گورنر جنرل سیرالیون نے کیا۔ بعدہٗ ٹیچرز کوارٹرز کی تعمیر کا کام شروع کروا دیا گیا ہے۔

### ایک نئی مسجد کا سنگِ بنیاد

Levuma گاؤں میں ایک نئی جماعت قائم ہوئی تھی۔ مخلص اور جوشیلے نوجوان احمدی بھائیوں نے اس گاؤں میں احمدیہ مسجد تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا۔ اور مناسب جگہ پر زمین حاصل کر کے مکرم امیر صاحب کو اطلاع بھجوائی کہ مسجد کی بنیاد کے لئے تشریف لائیں لیکن انہوں نے اپنی مصروفیات کی وجہ سے مولوی نصیر احمد خان صاحب کو اس کام کے لئے مقرر فرمایا کہ وہ اس نئی جماعت میں جائیں اور نئی مسجد کا سنگ بنیاد رکھیں۔ چنانچہ وہ وہاں پہنچے اور اس موقع پر حالات کے مطابق ایک پُر وقار تقریب بپا کی گئی جس میں گرد و نواح کی جماعتوں نے شرکت کی۔ باڈو کی جماعت کے لوگ کثیر تعداد میں حاضر ہوئے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق مسجد کی تعمیر کا کام شروع ہے اور امید ہے کہ یہ مسجد عنقریب مکمل ہو جائے گی۔ احباب سے دعا کے لئے درخواست ہے کہ اللہ تعالےٰ اس ننھی سی جماعت کو استقامت عطا فرمائے اور اس کے نیک نمونہ سے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوں۔

### RICE FARM

باڈو جماعت نے گزشتہ سال خاکسار کی تحریک پر ایک Rice Farm تیار کیا تھا جس سے خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی فصل ہوئی اور مشن کو مالی لحاظ سے بہت فائدہ پہنچا۔ اس طرح دیہاتی جماعت کو اجتماعی قربانی کرنے کا موقع بھی میسر آیا۔ الحمد للہ۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر تمام جماعت کو اس قسم کے فارم تیار کرنے کی تحریک کی گئی۔ چنانچہ اس تحریک پر چار جماعتوں نے وعدہ کیا کہ وہ اس قسم کے فارم تیار کر کے مشن کی مالی حالت کو مستحکم اور مضبوط بنائیں گے۔

اس حلقہ کے چار مخلص احباب نے عارضی وقف کے لئے اپنے نام بھی پیش کئے۔

### حادثہ موٹر کار

۲۰؍ امان ۱۳۴۸ ہش کو خاکسار تبلیغی دَورہ پر تھا کہ موٹر کار کے حادثہ میں شدید طور پر زخمی ہو گیا۔ اس موقع پر بعض غیر از جماعت لبنانی دوستوں نے میری بہت مدد کی۔ بذریعہ چارٹرڈ طیارہ مجھے فری ٹاؤن ہسپتال میں پہنچایا گیا۔ نیز علاج پر جس قدر رقم خرچ ہوئی وہ بھی انہوں نے ہی ادا کی۔ علاوہ ازیں بہت سے احباب ملک کے اندرونی علاقہ جات سے سفر اختیار کر کے عیادت کے لئے ہسپتال میں آتے رہے۔ بہت سے احباب نے بذریعہ ٹیلیفون اور بذریعہ خطوط اظہارِ ہمدردی فرمایا۔ مکرم محترم امیر صاحب نے اس موقع پر میرا بہت زیادہ خیال رکھا اور ہر قسم کا آرام میسر فرمایا۔ جَزَاھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ۔

ہسپتال میں کچھ آرام آ نے پر خاکسار نے تبلیغی کام شروع کر دیا جس کے نتیجہ میں ایک مخلص نوجوان بیعت کر کے سلسلہ میں داخل ہوا اور بہت سے لوگ ابھی تک متأثر ہیں۔

### حلقہ بو (Southern Provinc)

مولوی نصیر احمد خان صاحب اس حلقہ کے انچارج ہیں۔ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ عرصہ زیرِ رپورٹ میں خاکسار نے زائرین مشن اور بو شہر کے معززین اور دیگر دوستوں سے ملاقات کر کے اسلام و احمدیت کی تبلیغ کی اور ان کو مطالعہ کے لئے مناسب لٹریچر بھی دیا گیا۔

اس کے علاوہ چھوٹے سائز کے ٹریکٹ ریویو۔ مسلم ہیرالڈ بھی مناسب احباب کو مطالعہ کے لئے دیئے گئے۔ ایک مسیحی نوجوان مشنری بھی مشن ہاؤس میں تشریف لائے۔ ان سے گفتگو ہوئی۔ ان کی بعض باتوں کے جوابات دیئے گئے۔ بائیبل کی رُو سے ان کے بعض عقائد کی نشان دہی کروا کر انہیں ان کی غلطی کا احساس دلایا گیا۔ چنانچہ وہ ایک قسط کتب ہم سے مطالعہ کے لئے لے گئے ہیں۔ دعا ہے کہ مولا کریم ان پر حق کو واضح فرمائے۔ آمین۔

### تعلیم و تربیت

"تعلیم و تربیت کے سلسلہ میں خاکسار روزانہ نمازوں کے بعد صبح و شام درس قرآن کریم و حدیث شریف دیتا رہا۔ قرآن کریم کے درس میں ترجمے کے ساتھ خاکسار تفسیر بھی بیان کرتا رہا جس میں احباب جماعت بڑی دلچسپی لیتے رہے۔

**صاحبِ نصاب احباب و خواتین ادائیگی زکوٰۃ کی طرف توجہ فرمائیں** (ناظر بیت المال آمد)

خطبات جمعہ میں بھی خاکسار ہمیشہ تبلیغی، تعلیمی اور تربیتی مواضیع کو بیان کرکے احباب کو زیادہ سے زیادہ دینی احکام پر عمل پیرا ہونے۔ نمازوں میں باقاعدگی، چندوں میں مسابقت اور مشن کے کاموں میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی تلقین کرتا رہا نیز احباب کو فریضۂ تبلیغ کی ادائیگی کی طرف بھی متعدد بار توجہ دلاتا رہا۔

## دورہ جات و تقاریر

کل ۹ جماعتوں کا دورہ کیا گیا۔ جماعتی اور تربیتی امور سے جماعتوں کو آگاہ کیا گیا نیز رات کو وہاں پر تبلیغی اجلاس منعقد کرکے تبلیغِ اسلام و احمدیت کی گئی۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ۱۲۲۲ میل سفر طے کیا گیا۔

**ملاقاتیں:** اس عرصہ میں خاکسار نے بوکے متعدد افسران سے ملاقات کرکے حسبِ حالات تبلیغِ اسلام کی نیز ان کو مطالعہ کے لئے لٹریچر بھی دیا گیا۔ صدر بائی سیکرٹری کو ایک خاص ملاقات کرکے کتبِ سلسلہ کا ایک سیٹ دیا گیا۔

خاکسار بو ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کے لئے بھی جاتا رہا۔

## احمدیہ پرنٹنگ پریس

عرصہ زیرِ رپورٹ میں خاکسار احمدیہ پرنٹنگ پریس کی نگرانی بھی کرتا رہا۔ مشن کی تبلیغی ضروریات و تقسیم لٹریچر کے لئے مختلف سائزکے پمفلٹ و ٹریکٹ بھی شائع کئے گئے نیز مشن کے اجلاسوں کے لئے ۲ ہزار سے زائد بڑے سائز کے پوسٹرز شائع کروائے گئے۔

ان گوناگوں مصروفیات کے ساتھ ساتھ احمدیہ سیکنڈری سکول بو میں ٹیچر کے فرائض بھی ادا کرتا رہا۔ بڑی کلاسز کو خاکسار دینی نصاب کی تیاری کرواتا رہا جس میں قرآنِ کریم۔ تفسیر۔ فقہ۔ حدیث۔ اسلامی اخلاق۔ قانون اور تاریخ کے مضامین شامل ہیں۔ علاوہ ازیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری بھی پڑھائی جاتی ہے۔

سالانہ کانفرنس کے موقع پر کانفرنس کے جملہ انتظامات، جلسہ گاہ، رہائش و خوراک، پروگرام وغیرہ سرانجام دیئے۔ اس دفعہ اللہ تعالےٰ کے فضل سے مہمان کثرت سے آئے۔ تمام احباب نہایت ہی مسرور و مطمئن کانفرنس کے بخیر و خوبی اختتام پذیر ہونے پر واپس گھروں کو لوٹے۔ اس موقع پر خاکسار نے برکاتِ خلافت کے موضوع پر تقریر کی اسکی تفصیلی رپورٹ الفضل میں شائع ہو چکی ہے۔

**متفرق:** جماعت کی مستورات کی تنظیم کا سلسلہ خاکسار کی اہلیہ کے ذریعہ جاری رہا وہ مستورات کو نمازوں کی تعلیم اور مختلف ادعیہ سکھاتی رہیں نیز پروگرام کے مطابق اجلاس منعقد کرواتے اور مستورات کو نمازِ جمعہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں آنے اور اسلامی طریقِ لباس کو اپنانے کی طرف توجہ دلائی گئی اسی طرح بعض مہمان عورتوں کو تبلیغِ اسلام و احمدیت کی۔ (باقی)

# تحریک جدید کے متعلق حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا تازہ ارشاد

## وعدہ جات کی آخری تاریخ ۳۰ر احسان (جون) ہے

گزشتہ ماہ شعبہ تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے ہر ضلع کے تحریک جدید کے اعداد و شمار اکٹھے کرکے ان کی روشنی میں ضلع وار ٹارگٹ مقرر کئے تھے کہ ایک معین تعداد میں نئے خدام کو تحریک جدید جیسی عہد آفریں مہم میں شامل کیا جائے۔ اس کے بعد ۲۳ر ہجرت (مئی) کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ میں جو ارشاد فرمایا اور جو یکم احسان (جون) کے اخبار الفضل میں شائع ہوا۔ اس خطبہ کی روشنی میں تمام مجالس خدام الاحمدیہ اور تمام خدام کو نئے فکر کے ساتھ پوری سنجیدگی اور ہمت سے کام کرکے متعینہ مقصد کے حصول کی بھرپور کوشش کرنی ہوگی۔ امسال گزشتہ سال کے اسی عرصہ کی نسبت وعدہ جات کی تعداد کم ہے جیسا کہ حضور ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"اس سال ممکن ہے کہ فضلِ عمر فاؤنڈیشن کا سال ختم ہونے کی وجہ سے تحریکِ جدید کے وعدوں میں کمی ہو۔ تحریکِ جدید کے وعدے پچھلے سال کے وعدوں تک بھی نہیں پہنچے۔ تقریباً بیس ہزار روپیہ کا فرق ہے۔ گزشتہ سال پانچ لاکھ نوے ہزار کے وعدے تھے اِس سال اس وقت تک پانچ لاکھ ستر ہزار کے وعدے ہوئے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ یہ پانچ لاکھ نوے ہزار کے وعدے مارچ اپریل تک ادا ہوئے ہیں۔ ابھی وعدے لکھوانے میں اور ادائیگیوں میں بڑا وقت ہے لیکن ہم نے اپنے سامنے جو ٹارگٹ رکھا ہے یعنی ہم نے جو فیصلہ کیا ہے کہ تحریکِ جدید میں اتنی رقم ہو۔ پاکستان کی جماعتوں کو وہ جمع کرنی چاہیئے۔ اور طے شدہ منصوبہ سات لاکھ نوے ہزار کے بجٹ پر مشتمل ہے۔ اس کے مقابلے میں وعدے بہت کم ہیں۔"

(الفضل یکم احسان ۱۳۴۸ ہش)

حضور ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے اس تازہ ارشاد کی روشنی میں تمام مجالس ہائے خدام الاحمدیہ کو ایک معین تعداد میں نئے خدام کو تحریکِ جدید میں شامل کرنے کے سلسلہ میں سرکلر بھجوایا جارہا ہے اور اِس مقصد کے حصول کی آخری تاریخ ۳۰ر احسان (جون) ہے۔

یاد رہے کہ تحریکِ جدید کے عظیم الشان مقاصد یعنی ساری دُنیا میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا فرض ہر احمدی نوجوان پر یکساں طور پر عائد ہوتا ہے۔ ہر خادم کے لئے لازم ہے کہ اس عہد آفریں تحریک کے اعلےٰ و ارفع مقاصد کے احساس سے سرشار ہوکر خلیفۂ وقت کے ارشادات کے مطابق ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر مالی وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لئے ہر آن تیار رہے۔ صرف اسی صورت میں ہم خدا اور رسولؐ کی خوشنودی کے وارث بن سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ہر مجلس اور ہر خادم کو کوشش کرنی چاہیئے کہ نہ صرف یہ کہ کوئی خادم تحریکِ جدید میں شامل ہونے سے محروم نہ رہے بلکہ مالی قربانیوں کے معیار کو بھی بلند تر کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے۔

لہٰذا ۳۰ر احسان (جون) تک تمام مجالس خدام الاحمدیہ زیادہ سے زیادہ خدام سے تحریکِ جدید کے وعدے حاصل کرے اور ان مساعی کے جو نتائج مرتب ہوں وہ ایک معین شکل میں مکرم وکیل المال صاحب تحریکِ جدید انجمن احمدیہ ربوہ کو بھی بغرضِ اطلاع بھجوائے جائیں۔ اللہ تعالےٰ ہماری حقیر کوششوں میں برکت ڈالے اور بیش از پیش نتائج پیدا کرے۔ آمین۔

(مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

**درخواستِ دعا:۔** مکرمہ ممتاز صاحبہ بنت مکرم چوہدری برکت علی صاحب گوکھر لجارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہیں اور فضلِ عمر ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی جلد شفاءِ کاملہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ (چوہدری محمد ہادی۔ ربوہ)

# مکرم شیخ عبید اللہ صاحب کی وفات

مکرم شیخ عبید اللہ صاحب سیکشن آفیسر لاہور جو کہ میرے حقیقی بھائی حکیم میاں محمد اشرف صاحب احمد آباد اسٹیٹ کے داماد تھے مورخہ ۱۴/۶/۶۹ کو میو ہسپتال میں عارضہ قلب سے وفات پاگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

ان کا جنازہ ربوہ لایا گیا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ مرحوم چار لڑکیاں اور تین لڑکے اپنے پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالےٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ اور ان کے پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

(میاں محمد یعقوب انسپکٹر وقفِ جدید۔ ربوہ)

## تصحیح

الفضل مورخہ ۱۵ر احسان (جون) کے صفحہ نمبر ۱ پر جو دعائے مغفرت شائع ہوئی ہے اس کی چوتھی سطر سہوِ کتابت سے غلط شائع ہوگئی ہے۔ صحیح فقرہ یوں ہے:۔

"خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام میں عرصہ دراز تک بطور مخلص خادمہ کے خدمات بجالاتی رہیں" احباب تصحیح فرمالیں۔ (ادارہ)

# تحریک جدید کے ذریعہ اشاعت اسلام کا عظیم الشان کام

## عیسائی حلقوں کی طرف سے اعترافِ حقیقت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اپنے بصیرت افروز خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۳ ہجرت ۱۳۴۳ ہش میں تحریک جدید کے متعدد خوشکن اثرات و نتائج کا تذکرہ فرمایا ہے۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سیدنا المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی اس عظیم یادگار کے ذریعہ

۱۔ تربیت کا مقصد نہایت احسن رنگ میں پورا ہو رہا ہے۔

۲۔ بیرونی ملکوں متعدد جماعتوں کا قیام عمل میں آیا ہے۔

۳۔ قرآن کریم اور اس کی تفسیر کی اشاعت کثرت سے ہو رہی ہے

۴۔ غیر مذاہب کو تبلیغ کے ذریعہ جھنجوڑ کے رکھ دیا گیا ہے

تحریک جدید کے ان اثرات کا اعتراف دوسروں کی زبان اور قلم سے بھی ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں ذیل میں چند اقتباسات ہدیۂ قارئین کئے جاتے ہیں

### (ا) عیسائیوں کے ایک کمشن کی رپورٹ

سکنڈے نیویا (شمالی یورپ کے تین ممالک) کی ایک عیسائی تنظیم کے مقرر کردہ کمشن کے ایک رکن نے جو رپورٹ تیار کی ہے۔ اس میں لکھا گیا کہ:۔

(۱) "یہ جماعت اسلام کی ترقی کے لئے ایک بے پناہ جذبہ رکھتی ہے اور اسلامی ممالک میں سے عیسائی اثرات کو دور کرنے کے لئے سر توڑ کوشش کر رہی ہے۔ احمدیہ جماعت اسلام کی کھوئی ہوئی عظمت کو دوبارہ واپس لانے کے لئے اپنی کوششوں میں ممتاز ہے۔"

(۲) "ایک لمبے عرصہ سے ربوہ سے تبلیغی کوششوں کو جاری رکھا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں ساری دنیا میں احمدیہ جماعتیں قائم ہو گئی ہیں۔"

(۳) "عیسیٰ (علیہ السلام) کے ابن اللہ ہونے کے سلسلہ میں جو اعتراضات احمدیت کی طرف سے پیش کئے جاتے ہیں۔ ان سے یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ احمدیہ جماعت عیسائیت کو اپنا سب سے بڑا دشمن سمجھتی ہے۔ عیسائیت نے جو عالمگیر مذہب کی حیثیت اختیار کر رکھی ہے۔ احمدیہ جماعت سب سے زیادہ اس کے درپے ہے۔ اور چاہتی ہے کہ اسلام کی کھوئی ہوئی عظمت واپس لائی جائے۔"

(۴) "تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ اسلام کی بلا واسطہ تبلیغ کے لئے سکنڈے نیویا کے ملکوں میں تبلیغی مشن قائم کیا گیا ہے۔ گذشتہ پچاس سالوں میں عیسائی ممالک میں مساجد بنائی جاتی رہی ہیں۔ امریکہ میں بھی مساجد بنائی گئیں اور یورپ میں بھی۔"

### (ب) ایک عیسائی مصنف کا اعتراف

"جدید اسلام کی یہ شاخ (جماعت احمدیہ۔ ناقل) خاص اہمیت کی حامل ہے۔ کیونکہ اب یہ مسیحی دنیا میں جڑیں پکڑ رہی ہے یہی جماعت ہے جو مسیحیوں کو حلقہ بگوش اسلام میں کھینچ لانے کے لئے پر زور تبلیغ کر رہی ہے۔ ہم نے قبل ازیں مسلمانوں کے اندر مسیحیت کی تبلیغ میں مشکلات کا ذکر کیا ہے۔ اب اس تبلیغی مساعی کا ہدف خود مسیحیت بن گئی ہے اس جماعت نے یورپ امریکہ افریقہ ایشیا اور آسٹریلیا کے تقریباً تمام بڑے شہروں میں مشنوں کے قیام کے ذریعہ مسیحی دنیا میں ایک رخنہ خواہ وہ کتنا ہی چھوٹا ہو ڈال دیا ہے۔ یہ جماعت مؤثر پراپیگنڈا کا نظام رکھتی ہے تقاریر کی جاتی ہیں۔ اخبارات شائع کئے جاتے ہیں۔ اور ریڈیو کو اپنے خیالات کی اشاعت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔"

(بحوالہ کتاب عیسائی مصنف ہربرٹ گوتس شلک)

یہ اقتباس محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی اس تقریر سے لئے گئے ہیں جو آپ نے جلسہ سالانہ ۱۹۶۳ء میں فرمائی تھی۔ یہ تقریر نظارت اصلاح و ارشاد صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام کتابی صورت میں بھی شائع کر دی گئی ہے۔ مفصل معلومات وہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ تاہم ان چند اقتباسات سے ہی یہ امر روز روشن کی طرح واضح ہے کہ حضرت ...

## مجالس خدام الاحمدیہ ماہ ہجرت / مئی کا چندہ جلد بھجوائیں

ماہ مئی ختم ہو چکا ہے اور جون بھی نصف سے زیادہ گزر چکا ہے۔ لیکن بہت سی مجالس خدام الاحمدیہ ایسی ہیں جنہوں نے تاحال مئی کا چندہ نہیں بھجوایا حالانکہ دستور کے مطابق ہر ماہ کی بیس تاریخ تک چندہ مرکز کو ارسال کر دینا چاہیئے۔

قائدین سے درخواست ہے کہ اپنی اپنی مجالس کا جائزہ لیں۔ اور اگر وصول شدہ رقم مرکز کو نہیں بھجوائی گئی تو جلد از جلد ارسال کریں

(مہتمم مال مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

---

یہ جماعت اسلام کی ترقی کیلئے بے پناہ جذبہ رکھتی ہے اور اسلامی ممالک سے عیسائی اثرات کو دور کرنے کے لئے سر توڑ کوشش کر رہی ہے احمدیہ جماعت اسلام کی کھوئی ہوئی عظمت کو دوبارہ واپس لانے کیلئے اپنی کوشش میں ممتاز ہے۔

(عیسائیوں کے مقرر کردہ ایک کمیشن کی رپورٹ)

---

خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ نے اپنے بصیرت افروز خطبہ فرمودہ ۲۳ ہجرت ۱۳۴۳ ہش میں تحریک جدید کی جو خصوصیات بیان فرمائی ہیں۔ اغیار بھی ان کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ پس میں مخلصین جماعت کو درخواست کروں گا کہ وہ حضور کا مذکورہ خطبہ بنظر غور پڑھیں اور صدق دل سے اس کے تقاضوں کو پورا کریں۔ واللہ المستعان۔ اگر وہ خطبہ کسی دوست کی نظر سے نہ گذرا ہو تو دفتر ہذا کو ایک کارڈ لکھکر مفت منگوا لیا جائے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

---

## زمیندار مجالس کے اراکین توجہ فرمائیں

اپنے ملک کی سب سے بڑی فصل کی برداشت پر ہم آپ کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ مجلس انصار اللہ کا چندہ جس کی شرح نہایت ہی قلیل ہے معمولی سی توجہ سے ادا کیا جا سکتا ہے براہ کرم اس فصل کی برداشت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس سال کا سارا چندہ جلد تر مرکز میں بھجوا کر عند اللہ ماجور ہوں (قائد مال انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

---


## شان خاتم الانبیاء صلعم

حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی بانی جماعت احمدیہ کے نزدیک آنحضرت صلعم کا مقام اور شان کیا تھی۔ کارڈ آنے پر مفت

پتہ صاف لکھیں

محمود احمد قمر ایڈووکیٹ شمس آباد لائلپور

# حفظ مراتب کا خیال رکھنا ضروری ہے

وصیت کے لئے بڑی اہم شرط تقویٰ ہے۔ اور تقوےٰ اس بات کا متقاضی ہے۔ ہر ایک احمدی دوست جنہوں نے وصیت کی ہے۔ وہ اپنی وصیت کو قائم رکھنے اور دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے لئے علاوہ اور امور میں اپنی عملی اصلاح کے مسلسل اور متواتر مالی قربانی کرتے رہیں اور دنیوی ضروریات اور حاجات پر اس کو ترجیح دیتے رہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کو وصیت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ دوسرے احمدی دوستوں پر جو فوقیت اور فضیلت بخشی ہے اس کو قائم و دائم رکھنے کے لئے اپنی انتہائی کوشش کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ دنیوی ضروریات کے التواء سے انہیں اگر کسی وقت کچھ تنگی اور تکلیف بھی ہو۔ تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اسے برداشت کریں۔ کیونکہ ان کا عہد اور اقرار یہ ہے کہ وہ دین کو دنیا پر مقدم کریں گے۔ اس عہد کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی موصی مومن کے لئے زیبا نہیں ہے کہ مشکلات اور ابتلاؤں کے وقت میں ہمت ہار بیٹھے اور دنیوی ضروریات کے انصرام کے لئے وصیت کے چندہ کی بروقت ادائیگی کو التواء میں ڈال دے۔ اگر وہ چند مرتبہ ایسا کرے گا تو اندیشہ ہے کہ اسے بقایا دار بننے کی عادت ہو جائے گی۔ جو اس کے لئے مشکلات کا موجب ہو گی۔ یہ کوئی خیالی بات نہیں۔ دفتر کے ریکارڈ میں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ بقایا دار دوست اسی طرح بقایا دار بنتے ہیں اس لئے حصہ آمد کے موصی اصحاب کو چاہیئے اپنی وصایا کا حساب صاف رکھنے کے لئے اپنی ماہوار آمدنی سے حصہ آمد کی رقم فوراً الگ کر کے مقامی سیکرٹری مال کے سپرد کر دیا کریں۔ گویا جس طرح ان کو غیر موصی اصحاب پر فضیلت حاصل ہے۔ اسی طرح وہ حصہ آمد کی ادائیگی کو بھی دیگر ہر قسم کی چندہ جات اور دیگر مالی تحریکات پر فوقیت دیں تاکہ ان کا عہد "دین کو دنیا پر مقدم" کرنے کا شاندار طور پر پورا ہوتا رہے۔ اور اس میں کسی قسم کا تخلف نہ ہو۔ دیگر مالی تحریکات پر حصہ آمد کی فوقیت کا اندازہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے مندرجہ ذیل ارشاد سے بھی لگایا جا سکتا ہے

"وصیت کی معافی کا حق مجھے بھی حاصل نہیں۔ یہ تو حضرت مسیح موعود کا بنایا ہوا قانون ہے۔ اور الٰہی حکم سے تھا۔ میں چندوں کو معاف کر سکتا ہوں اور کر دیتا ہوں۔ جو میری طرف سے مقرر کئے جائیں"۔

اس ارشاد سے حصہ آمد کو دوسری مالی تحریکات پر جو فوقیت ہے۔ وہ ظاہر ہے اور حفظ مراتب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز بہشتی مقبرہ)

## درخواست دعا

خاکسار کو بعض ناگہانی پریشانیاں لاحق ہیں۔ جملہ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ جملہ پریشانیاں دور فرمائے۔ (عبدالرحمٰن جنرل منیجر شہران ہوٹل لاہور)

## شکریہ احباب

ہمارے والد محترم چوہدری کمال الدین صاحب کی وفات پر عزیز و اقارب اور احباب جماعت نے کثرت کے ساتھ ہمیں خطوط لکھے ہیں ان سب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت میں اپنے قرب میں جگہ دے۔ اور ہمیں صبر جمیل عطا کرے۔

پسران چوہدری کمال الدین صاحب مرحوم شام گنج مردان

## دعائے نعم البدل

خاکسار کی ہمسایچی نصیرہ خانم مورخہ ۹/۶/۶۹ کو بوجہ نمونیا انتقال کر گئی ہے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صبر جمیل بخشے۔ اور نعم البدل عطا فرمائے۔

عبدالقدیر کشمیری ٹیچر عمر کوٹ۔ ضلع تھر پارکر


الفضل

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔



بچت کیجئے

بچت ایک نیکی ہے اور ہر نیکی کی طرح اس کا پھل بھی میٹھا ہے

نیکی کے مواقع کو عام کرنے کے لئے ملک کے گوشہ گوشہ میں پوسٹ آفس سیونگ بینک کی دس ہزار سے زیادہ شاخیں آپکی خدمت کے لئے موجود ہیں۔ پوسٹ آفس سیونگ بینک میں آپ کے سرمایہ کی حکومت ضامن ہے۔ آپ کے سیونگ اکاؤنٹ پر منافع کی شرح دوسرے بینکوں سے زیادہ یعنی پانچ فیصد ہے اور پورے منافع پر انکم ٹیکس بھی معاف ہے۔

نیک کام میں دیر نہ کیجئے اور آج ہی صرف دو روپے سے پوسٹ آفس سیونگ بینک کی قریب ترین شاخ میں اپنا سیونگ کا کھاتہ کھول لیجئے۔

عوام کا بینک

پوسٹ آفس سیونگ بینک

ہر بستی ہر شہر میں خدمت کو موجود

PRESTIGE D.F.P. 19/909

# ضروری اور اہم خبروں کا خلاصہ

## مسز اندرا گاندھی کا بیان

نئی دہلی ۱۸ جون۔ بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے تجویز پیش کی ہے کہ پاکستان افغانستان اور بھارت میں باہم تعاون کے ذرائع تلاش کرنے اور اس سلسلہ میں ضروری تجاویز پر غور کرنے کے لئے کابل میں اجلاس بلایا جائے انہوں نے آج کانگریس کی عاملہ میں اپنے افغانستان کے دورہ کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے یہ تجویز پیش کی

مسز اندرا گاندھی نے دعویٰ کیا کہ بھارت پاکستان سے تعاون کا خواہشمند ہے انہوں نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ ہم نے اس سلسلہ میں مسٹر کوسیگن کے بیان کا خیر مقدم کیا ہے اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ فی الحال تعاون تجارتی میدان میں ہونا چاہئے اور اس کے بعد دوسرے شعبوں میں تعاون کی راہیں تلاش کی جائیں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سے قبل بھارتی وزیر خارجہ مسٹر دنیش سنگھ مسٹر کوسیگن کی تجویز کو مسترد کر چکے ہیں۔

## جنرل عتیق الرحمٰن کل حیدر آباد جائیں گے

لاہور ۱۸ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی پاکستان کے گورنر اور مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر لفٹیننٹ جنرل عتیق الرحمٰن ۱۹ جون کو دو روزہ دورہ پر حیدر آباد جائیں گے۔ اپنے قیام کے دوران وہ عوامی نمائندوں سے ملاقاتیں کریں گے۔ تیسرے پہر وہ سندھ یونیورسٹی کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کی صدارت کریں گے

## مقدمات کی سماعت ملتوی نہ کی جائے

لائل پور ۱۸ جون۔ مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور ججوں نے دیوانی اور فوجداری عدالتوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ روزانہ سماعت کے لئے اتنے مقدمات مخصوص کیا کریں جنہیں آسانی سے نمٹایا جا سکے اور سماعت کے ملتوی ہونے کی کم نوبت آئے۔ ان عدالتوں کو تازہ جاری کی جانے والی ہدایت میں کہا گیا ہے کہ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ مقدمات کی سماعت کے ملتوی ہونے کے بکثرت واقعات پیش آ رہے ہیں۔ جس سے عوام کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس لئے اتنے ہی مقدمات کی سماعت مقرر کی جائے جنہیں اس روز آسانی سے نمٹایا جا سکتا ہے۔

## جمہوریہ یمن کے صدر الاریانی ایتھوپیا کا دورہ کریں گے

عدیس ابابا۔ ۱۸ جون۔ جمہوریہ یمن کے صدر عبدالرحمٰن الاریانی ۲۵ جون کو ایتھوپیا کے سرکاری دورے پر بذریعہ طیارہ یمن سے ایتھوپیا روانہ ہو جائیں گے۔ یمن کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا ہے صدر الاریانی ایتھوپیا کے شہنشاہ ہیل سلاسی کے مہمان ہوں گے۔ وہ وہاں پانچ یوم تک قیام کریں گے اور اس دوران شہنشاہ ہیل سلاسی اور ایتھوپیا کے دوسرے اعلیٰ حکام سے بات چیت کریں گے

## بارش معمول کے مطابق ہوگی

کراچی ۱۸ جون۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ اس سال موسم برسات میں جون سے ستمبر تک مغربی پاکستان میں معمول کے مطابق بارش ہوگی

## لندن میں سونے کا بھاؤ گر گیا

لندن ۱۸ جون۔ لندن کی صرافہ مارکیٹ میں آج سونے کی رسد غیر معمولی طور پر بڑھ گئی جس سے سونے کی قیمتوں میں ۳۵ فی صد کمی ہو گئی صرافہ مارکیٹ میں سونے کے بھاؤ کی اس تبدیلی کی وجہ فرانس کے صدارتی انتخاب میں جارج پومپیدو کی کامیابی تھی۔

# امتحانات اطفال الاحمدیہ!

سالانہ مرکزی امتحانات کی تیاری کے ضمن میں قائدین و مربیان اطفال الاحمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ:

۱۔ ہر پندرہ روز کے بعد اطفال کا امتحان برائے تیاری لیا جائے تا کہ اطفال کو لکھنے کی مشق ہوتی رہے۔


۲۔ عملی نصاب کی طرف بھی پوری توجہ دی جائے اور تربیت کے تمام پہلوؤں پر توجہ دے کر ابھی سے اطفال کی فعالیت کا جائزہ لیتے رہیں۔

۳۔ جوابی پرچوں کے ساتھ حسب ذیل کوائف کی دوہری فہرست مرکز کو بھجوانی ہوگی صرف خانہ نمبر ۳ مرکز میں پُر ہوگا۔

۴۔ ابھی سے اطفال کو فل سکیپ کاغذ پر پرچہ حل کرنے کی مشق کرائیں۔ چھوٹے سائز کے پرچے ممتحن کے لئے دشواری پیدا کرتے ہیں۔

۵۔ جن اطفال کو گزشتہ امتحانوں کا نتیجہ ابھی تک نہیں ملا وہ دوبارہ امتحان دے سکتے ہیں اس دفعہ پرچہ جات کی وصول کی اطلاع دی جائے گی۔ اور گمشدگی کا اندیشہ نہیں ہوگا۔

(سیکرٹری تعلیم و تربیت اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)



# فضل عمر درس القرآن کلاس کا نصاب

اس سال یہ کلاس صرف تین ہفتے کے لئے ماہ ظہور میں ۲ اگست سے ۲۲ اگست تک منعقد ہوگی۔ اس میں تمام جماعتوں کے نمائندوں کی شمولیت ضروری ہے۔ امراء صاحبان اس کے لئے تحریک فرمائیں۔ اس تین ہفتے کے کلاس کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ نے مندرجہ ذیل نصاب اور اساتذہ مقرر فرمائے ہیں:-

**نصاب** — **استاد**

۱- قرآن مجید: تین پارے (تیرہواں، چودھواں اور پندرھواں) — ابوالعطاء
پہلے بارہ پارے سابقہ دو سال میں پڑھائے جا چکے ہیں۔

۲- حدیث نبوی: حدیقۃ الصالحین ترجمہ ریاض الصالحین۔ — محترم سید داؤد احمد صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ
حدیث نمبر ۲۵۳ سے سبق شروع ہوگا۔ (یعنی گزشتہ سال سے آگے)

۳- صرف و نحو اور عربی اسباق: (مطبوعہ رسالہ جات و مطبوعہ عربی اسباق طلبہ کو دیئے جائیں گے) — مکرم مولوی غلام باری صاحب سیف پروفیسر جامعہ احمدیہ، مکرم عطاء المجیب صاحب راشد ایم اے واقف زندگی

۴- علم کلام- کتاب فتح اسلام
"سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب" — مکرم سید محمود احمد صاحب ناصر پروفیسر جامعہ احمدیہ

۵- تصحیح تلاوت قرآن مجید و تجوید — مکرم قاری محمد عاشق صاحب۔

نوٹ ۱: روزانہ ایک علمی مسئلہ پر ایک عالم سلسلہ تقریر فرمائیں گے جملہ تقاریر کے مختصر نوٹ طلبہ کو مہیا کئے جائیں گے۔
- ہر جمعرات کو طلبہ کے سوالات کے جواب دیئے جایا کریں گے۔
- روزانہ ایک پیریڈ میں طلبہ کو تقریری مشق کرائی جائے گی۔

نوٹ ۲: اس کلاس کا افتتاح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ فرمائیں گے ان شاء اللہ۔ طلباء کو بعد نماز مغرب مجلس عرفان میں شمولیت کا موقع ملے گا۔ بعد نماز عصر حدیث نبوی کا علیحدہ درس بھی ہوگا۔

نوٹ ۳: درسوں کے اوقات میں طالبات کے لئے پردہ کا انتظام مسجد مبارک میں ہوگا۔ ان کی تقریری مشق حضرت سیدہ ام متین صاحبہ مدظلہا کی زیرنگرانی لجنہ اماء اللہ کے ہال میں ہوا کرے گی۔

ابوالعطاء جالندھری
(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد۔ ربوہ۔ پاکستان)

## درخواست دعا

۱- آج لائل پور میں میری بھاوجہ صاحبہ (اہلیہ مرزا محمد عثمان صاحب) کا رسولی کا اپریشن ہو رہا ہے۔ احباب اپریشن کی کامیابی کے لئے دعا فرمادیں۔ نیز میری والدہ صاحبہ بھی بہت سخت بیمار ہیں حالت تشویشناک ہے۔ احباب سے ان کی صحت یابی کے لئے بھی دعا کی درخواست ہے۔

(سلطان احمد پیر کوٹی صیغہ زود نویسی)

۲- میرے ماموں مکرم عبدالکریم صاحب بھکیر پھیرو گوجرانوالہ پر پچھلے دنوں دوبارہ فالج کا حملہ ہوا ہے۔ علاج ہو رہا ہے لیکن تاحال کوئی خاص افاقہ نہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور ان کی عمر میں برکت ڈالے۔ آمین۔

(داؤد احمد۔ ربوہ)

۳- عطاء اللہ صاحب قریشی کے بہنوئی وزیر الدین صاحب راولپنڈی میں عرصہ چھ ماہ سے سخت بیمار چلے آرہے ہیں اب حالت یہ ہے کہ چلنے پھرنے کی بھی طاقت نہیں ہے۔ نیز ان کی بھتیجی دختر محمد کریم صاحب قریشی بھی عرصہ تین ماہ سے بیمار ہیں۔ بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت سے دونوں کی مکمل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(سید شاہ میر احمد اشرف کارکن دار الضیافت ربوہ)

# وادی بیسان میں اسرائیلی لڑاکا طیاروں کی بمباری

## متحدہ عرب جمہوریہ کی فوجوں نے اسرائیلی قلعہ بندیاں تباہ کردیں

طبریہ (اسرائیل) اسرائیل کے ہوائی لڑاکا طیاروں نے کل بحیرہ گلیلی کے جنوب میں بارہ میل دور وادی بیسان کے علاقہ تیران ژدی میں زبردست بمباری کی جس سے اس علاقہ میں زبردست تباہی مچ گئی۔ ابھی تک یہ اندازہ نہیں لگایا جا سکا کہ اسرائیلی طیاروں کی اس بمباری سے کس قدر جانی نقصان ہوا ہے۔ اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے دریائے اردن کے پار اردن کے اندرونی علاقہ میں عرب حریت پسندوں کے مشتبہ ٹھکانوں کو تباہ کرنے کے لئے نیچی پرواز کی۔ دریں اثناء اردن کی فوجوں نے کل زمین سے فائرنگ کر کے اسرائیل کا ایک دیکھ بھال کرنے والا طیارہ مار گرایا اس کے علاوہ متحدہ عرب جمہوریہ کی فوجوں نے الشط سے القنطارہ تک نہر سویز کے کنارے ۵۰ میل لمبی سرحد پر گولہ باری کر کے اسرائیلی قلعہ بندیاں تباہ کردیں۔ اس کے علاوہ مختلف جھڑپوں میں اسرائیل کے کئی فوجی ہلاک اور متعدد شدید زخمی ہوگئے۔

ایسوسی ایٹڈ پریس آف امریکہ نے بتایا ہے کہ اسرائیلی لڑاکا طیاروں کے حملے سے قبل عرب حریت پسندوں نے دریائے اردن پر جنگ بندی لائن پر اسرائیلی فوجی دستے پر حملہ کر دیا تھا۔ اسرائیلی فوجی دستے کی مدد کے لئے دو لڑاکا طیارے پہنچ گئے۔ اسی اثناء میں عرب حریت پسند وہاں سے غائب ہو چکے تھے۔ چنانچہ طیاروں نے حریت پسندوں کے مشتبہ ٹھکانوں کو تباہ کرنے کے لئے بمباری اور فائرنگ کی۔ اس سے قبل مقبوضہ غزہ کے علاقہ میں اسرائیلی فوجی دستے نے عرب حریت پسندوں پر فائرنگ کی۔ یہ عرب حریت پسند غزہ شہر کے جنوب میں تھوڑی دور سڑک پر سرنگیں بچھا رہے تھے۔

الشط اور القنطارہ کے درمیان ۵۰ میل لمبی سرحد پر اسرائیل نے متحدہ عرب جمہوریہ کی فوجوں پر فائرنگ کی۔ یہ فائرنگ آدھی رات کو شروع ہوئی اور تین گھنٹے تک جاری رہی متحدہ عرب جمہوریہ کی فوجوں نے بھی جوابی حملہ کیا۔ اس جھڑپ میں دونوں فریقو نے بھاری توپیں استعمال کیں۔

# فرانس کے نئے وزیراعظم ۲۴ جون کو اپنی حکومت کی پالیسیوں کا خاکہ پیش کریں گے

## فرانس کی قومی اسمبلی کے اجلاس سے قبل وزیراعظم کے نام کا اعلان کر دیا جائیگا

پیرس ۱۹ رجون۔ فرانس کے نئے وزیراعظم قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں فرانس کی نئی حکومت کی پالیسیوں کا خاکہ پیش کریں گے۔ سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ قومی اسمبلی کا اجلاس ۲۲ رجون کو نئے صدر موسیو پومپیدو کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ اور تین روز تک جاری رہے گا واضح رہے کہ صدر پومپیدو نے ابھی تک وزیراعظم نامزد نہیں کیا۔ تاہم یہ خیال ہے کہ وہ قومی اسمبلی کے موجودہ صدر موسیو جیکوئس چبان ڈلماس کو اجلاس سے قبل ہی وزیراعظم کا عہدہ سونپ دیں گے۔ پروگرام کے مطابق قومی اسمبلی کے اجلاس میں افتتاحی تقریر نئے وزیراعظم کریں گے۔ اپنی تقریر میں وہ نئی فرانسیسی حکومت کی پالیسیوں کا خاکہ پیش کریں گے۔ اس کے علاوہ نئے وزیراعظم فرانس میں گزشتہ مئی کے ہنگاموں کے دوران گرفتار ہونے والے افراد کو عام معافی دینے کا اعلان بھی کریں گے۔ ان قیدیوں کو رہا کرنے کی تجویز نئے صدر موسیو پومپیدو نے پیش کی تھی۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیراعظم کی تقریر پر بھی بحث ہوگی۔ مگر اس پر رائے شماری نہیں کی جائے گی۔ دریں اثناء سیاسی حلقوں نے خیال ظاہر کیا ہے کہ اگر صدر پومپیدو نے موسیو چبان کو وزیراعظم مقرر کیا تو ان کے موجودہ عہدہ پر قومی اسمبلی کے موجودہ نائب صدر موسیو جیلی پیریتی کو نامزد کر دیا جائے گا۔

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵